© rasailojaraid.com



**نام ور مغربی سائنس دان**، حمید عسکری۔ ناشر: مجلس ترقی ادب، کلب روڈ، لاہور۔ صفحات: ۳۶۰۔ مجلد: ۱۵۰ روپے۔ قیمت:

سائنس وہ علم ہے کہ جس کی بنیاد خیال، مشاہدے اور بالآخر تجربے سے منسوب ہے۔ یہ علم، اللہ کی نشانیوں کو پرکھنے کی انسانی کوشش اور ان کوششوں کے ثمر سے انسانوں کو ثمربار کرنے کا وہ علم ہے جس نے حیرتوں کے باب کھولے اور سہولتوں کے خزانوں کا انبار لگا دیا ہے۔

سائنس کا علم انسانیت کی مشترکہ میراث ہے کہ اس اہرام کی تعمیر میں مختلف اوقات میں معروف اور گم نام اہلِ دانش نے اپنے اپنے حصے کا پتھر نصب کیا۔ بلاشبہہ ان سائنسی ایجادات کے پس منظر میں مسلمان سائنس دانوں کی کاوشوں، تحقیقات اور تجربات کا بھی حصہ ہے لیکن آخرکار جس ایجاد یا جس سائنسی کلیے کو حل کرنے کا اعزاز جن مغربی سائنس دانوں کو حاصل ہوا، یہ کتاب ان میں سے ۲۵ محسنوں کے احوال پر مشتمل ہے۔

اس کتاب کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے کتنی محنت کی۔ کس قدر بڑے سماجی، معاشی، مذہبی چیلنجوں کا سامنا کیا۔ آج ہم جن آسایشوں کو یوں برت رہے ہیں کہ شاید یہ آفرینش آدم کے عہد سے جوں کی توں میسر تھیں تو واقعہ یہ ہے کہ ایسا نہیں تھا۔ اس کے لیے دنیاے علم کو بڑی مشکلات کو عبور کرنا پڑا ہے۔ فاضل مصنف نے عام فہم انداز میں ان سائنس دانوں کی داستانِ حیات اور کارنامۂ علم کو پیش کیا ہے۔ ان رجال میں: راجر بیکن، گوٹن برگ، ٹرے ویڑن، کوپرنیکس، پیراسیل، ٹامیکو براہے، گلیلیو، جان کیپلر، ولیم ہاروے، رابرٹ بوائل، جوشم باشر، لیون ہک، آئزک نیوٹن اور دیگر ۱۲ سائنس دان شامل ہیں۔ اس سے قبل مجلسِ ترقیِ ادب نام ور مسلم سائنس دان بھی شائع کرچکی ہے۔ (سلیم منصور خالد)

## تعارف کتب

⊙ **قرآن کے بکھرے موتی**، مولانا محمد اصغر کرنالوی۔ زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر نزد مقدس مسجد، اُردو بازار، کراچی۔ فون: ۲۷۲۵۶۷۳-۰۲۱۔ صفحات: ۵۷۳۔ قیمت (مجلد): ۲۰۰ روپے۔[ قرآن کے عجائب، خزینوں، جواہر اور موتیوں کو جاننے کی سعی اور مطالعہ قرآن کا ذوق بڑھانے کی ایک کوشش۔ ۷۳ تفاسیر اور ۶۵ ہزار صفحات کا نچوڑ، بقول مصنف برسوں کے مطالعے کا نتیجہ۔ عقائد، معاملات، عبادات، جنت، دوزخ،

© rasailojaraid.com